فوری ریلیز کے لیے: 2023/28/2 ***KATHY HOCHUL گورنر***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے بندوق کے پُرتشدد استعمال کے خلاف ریاست کی لڑائی میں نمایاں پیش رفت کا اعلان***

***سنہ 2021 میں نیو یارک میں ملک کی 10 بڑی ریاستوں میں آتشیں ہتھیاروں سے قتل کی شرح سب سے کم تھی؛ پچھلے سال، نیو یارک سٹی میں ملک کے 20 بڑے شہروں میں قتل کی تیسری سب سے کم تعداد تھی***

***ریاست کے بندوق کے پُرتشدد استعمال کے خاتمے (GIVE) کی پہل کاری میں حصہ لینے والے بیس پولیس محکموں نے جنوری 2023 میں فائرنگ کے 50 واقعات کی اطلاع دی ہے، جو مارچ 2020 میں عالمی وباء کے آغاز کے بعد سب سے کم ہیں***

***نیو یارک سٹی نے گزشتہ ماہ فائرنگ کے 73 واقعات کی اطلاع دی، جو مئی 2020 کے بعد سب سے کم ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج بندوق کے پُرتشدد استعمال کے خلاف ریاست کی لڑائی میں اہم پیشرفت کا اعلان کیا، نیو یارک سٹی اور علاقوں نے ریاست کے بندوق کے پُرتشدد استعمال کے خاتمے کی پہل کاری میں حصہ لیا جس نے سنہ 2020 کی پہلی ششماہی کے بعد گزشتہ ماہ گولی مارنے سب سے کم واقعات کی اطلاع دی۔ بندوق کے پُرتشدد استعمال کے خاتمے (Gun Involved Violence Elimination, GIVE) میں حصہ لینے والے 20 پولیس محکموں نے جنوری 2023 میں فائرنگ کے 50 واقعات کی اطلاع دی، جو کہ مارچ 2020 کے بعد سب سے کم ہیں، جبکہ نیو یارک سٹی میں 73 واقعات کی اطلاع دی گئی، جو کہ مئی 2020 کے بعد سب سے کم ہیں۔ گورنر Hochul نے نارتھ ویل ہیلتھ کے بندوق کے پُرتشدد استعمال کے تدارک کے چوتھے فورم میں اس پیشرفت کا خاکہ پیش کیا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "ہم درست سمت میں بڑے قدم اٹھا رہے ہیں لیکن یہ اعداد و شمار ابھی بھی بہت بلند ہیں۔ ہر ہر واقعہ افسوسناک ہے، اور فائرنگ کا ہر واقعہ متاثرین اور ان کے علاقوں کے ناقابلِ یقین درد اور نقصان کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہم پر لازم ہے کہ بندوق کے پُرتشدد استعمال سے صحتِ عامہ کے بحران کے طور پر پیش آنا جاری رکھیں کہ اس کے ماخذ کی شناخت کرکے، اس کی ترسیل میں رکاوٹ ڈال کر، اور اس کا علاج کرتے ہوئے"۔

سنہ 2022 کے ابتدائی CDC اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ نیو یارک میں سنہ 2021 میں ملک کی 10 بڑی ریاستوں میں آتشیں ہتھیاروں سے قتل کی شرح سب سے کم تھی: فی 100,000 رہائشی 3.1 اموات، جو کہ فی 100,000 رہائشی 6.3 اموات کی قومی اوسط کے نصف سے بھی کم ہے۔ اسی طرح، نیو یارک سٹی میں سنہ 2022 میں ملک میں سب سے بڑے 20 شہروں میں قتل کی تیسری سب سے کم تعداد ریکارڈ کی گئی، صرف سان ہوزے اور سان ڈیاگو اس سے پیچھے تھے۔ آخرِ کار ، GIVE اور نیو یارک سٹی میں حصہ لینے والے علاقوں کو سنہ 2022 میں زخم آنے والے فائرنگ کے واقعات میں دو ہندسوں میں کمی دیکھنے میں آئی جبکہ سنہ 2021 کے مقابلے میں: نیو یارک سٹی میں 17 فیصد اور GIVE کے دائرہ اختیار میں 15 فیصد۔

ریاست بھر میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گزشتہ سال 10,093 بندوقیں ضبط کیں، جو سنہ 2021 سے 11 فیصد زیادہ ہے، اُس دوران 9,088 بندوقیں ضبط کی گئی تھیں۔ نیو یارک سٹیٹ پولیس کی جانب سے بندوقیں قبضے

میں لینے میں بھی عالمی وباء سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں 171 فیصد اضافہ ہوا: سنہ 2019 میں 528 قبضوں کے مقابلے میں سنہ 2022 میں 1,429 قبضے۔ ریاستی پولیس نے سنہ 2022 میں 120 جعلی بندوقیں بھی ضبط کیں، جو 2021 کے مقابلے میں 85 فیصد زیادہ ہے۔

دوسری جانب، ریاست نے اپنے ریڈ فلیگ قانون کو مضبوط کیا ہے، جو بندوقوں کو ایسے افراد کے ہاتھ سے دور رکھتا ہے جو اپنے یا دوسروں کے لیے خطرہ بنتے ہیں۔ عدالتوں نے فروری 2022 کے آخر میں انتہائی خطرے سے بچاؤ کے 1,308 احکامات جاری کیے تھے۔ جنوری 2023 سے لے کر اب تک کے 11 مہینوں میں، عدالتوں نے کل 6,209 ERPO جاری کیے ہیں۔

گورنر Hochul کا ایگزیکٹیو بجٹ بندوق کے پُرتشدد استعمال اور پرتشدد جرائم کو مصدقہ کارگر حکمت عملیاں استعمال کر کے مزید کم کرنے کے لیے، ایک جامع عوامی تحفظ کے منصوبے کے لیے فنڈز اور سرمایہ کاریاں فراہم کرتا ہے، بشمول:

- ریاست کے جرائم کے تجزیہ مراکز کے نیٹ ورک کو نیو یارک سٹی تک پھیلانا، نیٹ ورک میں ایسے مراکز کی تعداد 11 تک لے جانا جن کی ریاست مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شراکت داری میں کفالت کرتی ہے۔
- GIVE پہل کاری کے لیے فنڈ کو دوگنا کر کے 36$ ملین تک کرنا۔ GIVE 17 کاؤنٹیوں میں 20 پولیس محکموں کی معاونت کرتی ہے جو نیو یارک سٹی سے باہر ریاست نیو یارک میں ہونے والے پُرتشدد جرائم کے 80 فیصد سے زیادہ کا حصہ ہیں: البانی, بروم, چوٹوقوا, ڈچس, ایری, مونرو, نساؤ, نیاگرا, اونیڈا, اونونڈاگا, اورنج, رینسیلر, راکلینڈ, سکینیکٹیڈی, سافک, السٹر اور ویسٹ چیسٹر۔ ان کاؤنٹیوں میں ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفاتر، پروبیشن ڈیپارٹمنٹ، شیرف کے دفاتر اور دیگر شراکت دار بھی اس پہل کاری کے ذریعے فنڈنگ حاصل کرتے ہیں۔
- علاقائی استحکام کے یونٹوں کو 16 سے 25 کمیونٹیوں تک بڑھا کر، ریاستی پولیس کی معاونت کو تقویت بخش، غیر معمولی چار اکیڈمی کلاسوں کی مالی اعانت اور وفاقی ٹاسک فورسز میں موجودگی کو بڑھانا۔

فوجداری انصاف کی خدمات کے ریاستی ڈویژن (Division of Criminal Justice Services, DCJS) اور امریکی بیورو آف الکوحل، ٹوبیکو، آتشیں اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد (ATF) کے درمیان ایک منفرد شراکت داری کے ذریعے، ریاست کے زیر کفالت جرائم کے تجزیہ مراکز کا نیٹ ورک ATF کے نیشنل انٹیگریٹڈ بیلسٹک انفارمیشن نیٹ ورک (NIBIN) کو جانچتا ہے۔ اس موسم گرما تک، ہر مرکز کے پاس شیل کیسنگ پر کارروائی کرنے اور ریاست بھر میں متعدد دائرہ اختیار میں مختلف جرائم کے مناظر سے ممکنہ مماثلتوں کی شناخت کرنے کے لیے موقع پر ٹیکنالوجی ہو گی۔ اس شناختی عمل میں پہلے ایک ماہ تک کا وقت لگتا تھا لیکن اب اس میں 24 سے 48 گھنٹے لگیں گے اور اس کی درستگی کی درجہ بندی 99.6 ہے۔

گورنر Hochul کی بجٹ تجویز علاقائی تنظیموں کی بھی کفالت کرتی ہے جو نوجوانوں اور خاندانوں کو خدمات، مدد اور مواقع پیش کرتی ہیں، بشمول ریاست کے SNUG گلیوں میں رسائی پروگرام میں 25$ ملین کی مسلسل سرمایہ کاری۔

SNUG پروگرام ایسا عملہ بھرتی کرتے ہیں جو نوعمروں اور نوجوان بالغوں کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ تنازعات بڑھنے سے پہلے ان کا پتہ لگایا جا سکے اور ان کو ختم کیا جا سکے؛ انتقامی کارروائی کی فائرنگ کو ثالثی کے ذریعے جواب دے کر روکتے ہیں اور زخمی یا ہلاک ہونے والوں کے خاندان کے افراد کی مدد کرتے ہیں؛ اور اس میں ملوث نوجوانوں کی اہداف کا تعین کرنے کے پروگرام کے ذریعے رہنمائی کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں تعلیمی اور ملازمت کے مواقع کے ساتھ ساتھ دیگر خدمات کے ساتھ رابطے میں لاتے ہیں۔ یہ پروگرامز ریلیوں، خصوصی تقریبات، اور دیگر کمیونٹی اجتماعات کے ذریعے کمیونٹی، مذہبی تنظیموں اور پادریوں اور مقامی کاروباری اداروں کو بھی شامل کرتے ہیں۔

SNUG سائٹس سماجی ملازمین اور کیس منیجر کمیونٹیز میں بندوقوں کے پرتشدد استعمال یا دیگر جرائم سے متاثرہ افراد کو صدمے سے متعلق مشاورت، معاون گروپوں، وکالت اور ریاستی دفتر برائے متاثرہ خدمات (OVS) میں متاثرہ فرد کے لیے زر تلافی کی درخواستیں داخل کرنے میں مدد اور شناخت شدہ یا ضرورت کے مطابق دیگر خدمات

کے لیے حوالہ جات فراہم کرتی ہیں؛ اور SNUG ٹیم کے ارکان کو مدد اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں، جن میں سے بہت سے خود پیچیدہ قسم کے صدمے کے احساس سے گزر چکے ہیں۔

عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul نے نقلی بندوقوں، زیادہ صلاحیت والے میگزینز اور باڈی آرمر پر پابندی لگا کر نیو یارک ریاست کے بندوق کے پُرتشدد استعمال سے بچاؤ کے قوانین کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں؛ جن جرائم میں بندوق ملوث ہو ان کے لیے ضمانت کی اہلیت کو بڑھانا؛ نیم خودکار ہتھیاروں کی خریداری کی عمر بڑھا کر 21 سال کرنا؛ اور ملک میں پہلی بار غیر قانونی بندوقوں پر بین الریاست ٹاسک فورس کا آغاز کرنا، جو دوسری پہل کاریوں کے علاوہ مارچ کے وسط میں دوبارہ ملاقات کرے گی۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418